# ظہر کی سنتِ قبلیہ فرضوں کے بعد پڑھنے کی صورت میں نیت کس طرح کریں؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ظہر کی نماز میں چار رکعات سنتِ قبلیہ نکل جائیں تو اس کو ظہر کے فرضوں کے بعد کس نیت سے پڑھیں گے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ظہر کی سنت قبلیہ اگر ظہر کے فرض پڑھنے سے پہلے کسی وجہ سے نہ پڑھ سکیں تو ان سنتوں کو ظہر کے وقت میں ہی سنتِ بعدیہ کے بعد ظہر کی سنتوں کی نیت سے پڑھیں گے اور اس طرح پڑھنے سے بعینہٖ ظہر کی سنتیں ہی شمار ہوں گی۔

امام اہل سنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا: "سنن اربعہ جو بروز جمعہ قبل از خطبہ پڑھی جاتی ہیں اگر وہ کسی عذر سے ترک ہو جائیں تو بعد خطبہ اور فرضوں کے ان کی ادا ہے یا نہیں؟" تو امام اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "ہے اور سنتوں ہی کی نیت کرے وہ سنت ہی واقع ہوں گی، ہاں اگر وقتِ ظہر نکل گیا تو اب قضا نہیں۔" (فتاوی رضویہ، ملتقطاً، جلد 8، صفحہ 153، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

ایک اور مقام پر امام اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "تحقیقِ مقام و تنقیحِ مرام یہ ہے کہ حقیقۃً قضا نہیں مگر فرض یا واجب کی۔۔۔ باقی نوافل و سنن اگرچہ مؤکدہ ہوں مستحقِ قضا نہیں کہ شرعاً لازم ہی نہ تھی جو بعدِ فوت ذمہ پر باقی رہیں۔۔۔ مگر بعض جگہ برخلافِ قیاس، نص وارد ہو گیا وہی سنتیں جو ایک محل میں ادا کی جاتی تھیں، بعد فوت دوسری جگہ ادا فرمائی گئیں، جیسے فجر کی سنتیں جبکہ فرض کے ساتھ فوت ہوں، بشرطیکہ بعد بلندی آفتاب و قبل اَز زوال ادا کی جائیں یا ظہر کی پہلی چار سنتیں جو فرض سے پہلے نہ پڑھی ہو، تو بعدِ فرض بلکہ مذہبِ ارجح پر بعد سنتِ بعدیہ کے پڑھیں بشرطیکہ ہنوز وقتِ ظہر باقی ہو۔ نص علی کل ذلک فی غیرما کتاب کردالمحتار۔ ان شرائط کے ساتھ جب یہ دونوں سنتیں بعدِ فوت پڑھی جائیں گی، تو بعینہا وہی سنتیں ادا ہوں گی جو فوت ہوئی تھیں اور ان کے سوا اور فوت شدہ سنتیں یا یہی سنتیں بے مراعات ان شرائط کے پڑھی جائیں گی، تو صرف نفل ہوں گی، نہ سنتِ فائتہ۔" (فتاوی رضویہ۔ ملتقطاً، جلد 8، صفحہ 147، 148، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب :** مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر :** Web-2175

**تاریخ اجراء :** 23رجب المرجب1446ھ/24جنوری2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net